http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر عباس علی منصور

جلد : 24 | 21 جمادی الاول 1448ھ پیر 02 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 128


صدر مملکت آصف زرداری کا پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیرمقدم
وزیر اعظم کا پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور کی چیئرمین شپ ملنے پر خوشی کا اظہار



پاکستان نے جی 24 کی سربراہی سنبھالی

وفاقی وزیر خزانہ کا ترقی پذیر معیشتوں کی اجتماعی آواز کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ، وزیر اعظم کا محمد اورنگزیب اور وزارتِ خزانہ کی پوری ٹیم کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے G-24 کی سربراہی سنبھال لی جبکہ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایک مضبوط، زیادہ جامع اور ترقی پر مبنی عالمی مالیاتی نظام کا مطالبہ اور تین ترجیحات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی پر مبنی شرح نمو، ترقی پذیر معیشتوں کے لیے مضبوط نمائندگی اور بین الاقوامی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ فنانس ڈویژن کی طرف سے جاری بیان کے مطابق پاکستان نے اتوار کو 24 رکنی بین الحکومتی گروپ (G-24) کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)



بھارت میں اقلیتوں اور ان کی عبادت گاہوں پر حملوں کے واقعات میں اضافہ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں اقلیتوں اور ان کی مذہبی عبادت گاہوں پر حملوں و تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ انتہا پسند مودی کے اقتدار میں بھارتی مسلم اقلیت کے خلاف امتیازی اور پرتشدد ہجومی کارروائیوں میں شدت برقرار ہے۔ بھارتی جریدے کے مطابق بھارتی ریاست بہار میں ہندوتوا عناصر کا مسجد پر حملہ، نمازیوں پر تشدد اور املاک میں توڑ پھوڑ کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مسجد کے امام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھادی

لاہور (بیورو رپورٹ) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر غیر معینہ مدت تک پابندی بڑھا دی۔ ذرائع کے مطابق رواں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



طالبان رجیم دہشت گردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی

افغان طالبان حکومت بھارت کی پراکسی ہے

کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں، ڈی جی ISPR

افغانستان کو اب بھی غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں، یہ ایک رجیم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد وہاں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کر لی ہیں اور جیش العدل، القاعدہ، آئی ایس کے پی جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان کو غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں اور یہ ایک رجیم ہے، افغان طالبان حکومت بھارت کی پراکسی ہے اور کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے عالمی خبر ایجنسی رائٹرز کو دو روز قبل دیے گئے انٹرویو میں افغان طالبان حکومت کے حوالے سے واضح کرتے ہوئے کہا کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے اور افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)



وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب جی 24 کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی نائب صدر کے پیغام کا لہجہ مکمل بدل چکا، محسن رضائی | ایران سے مذاکرات اچھے مرحلے پر ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ



قطر اور پاکستانی ثالثین شرائط پر مشاورت جاری رکھے ہوئے ہیں، ایران

حالیہ صورتحال میں امریکا کے ساتھ ملاقات کی ضرورت نہیں سمجھتے، جنگ خارج از امکان نہیں، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی

وہ معاہدہ کرتے ہیں اور پھر مکر جاتے ہیں، دیکھتے ہیں کہ کیا وہ کوئی معاہدہ کرتے ہیں یا نہیں، ہمیں کوئی جلدی نہیں ہے، امریکی صدر

تہران، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ قطری اور پاکستانی ثالثین ایرانی شرائط پر اپنی مشاورت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ عرب میڈیا کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ امریکی نائب صدر کے پیغام کا اعلیٰ سطح کے اجلاس میں محتاط جائزہ اور تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے، وینس کے پیغام کے پیچھے اگر ایندھن کی تقسیم کا مقصد ہے تو یہ امریکا کی سابقہ غلطیوں کے ساتھ ایک اور غلطی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی فریق کی وسیع مکالمے کی کوشش کو مثبت قدم کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، ایرانی شرائط کے تسلیم ہوتے ہی براہ راست یا بالواسطہ مذاکرات کا فیصلہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)



لاہور: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سے سینئر پارٹی رہنما ملاقات کر رہے ہیں



16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کرنے کا اعلان

گیس بحران شدت اختیار کرنے کا خدشہ

حکومت کی جانب سے مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشنز نے 16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے گیس کی فروخت بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے باعث ملک بھر میں ایل پی جی کی ممکنہ قلت اور قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومتی پرائسنگ فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کر دی جائے گی۔

علی حیدر کے مطابق تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز کے ہنگامی اجلاس میں حکومت کی جانب سے قیمتوں کے تعین کے لیے متعارف کرائے جانے والے نئے طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پرائسنگ فارمولے کے نفاذ سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے، جس کے باعث تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز نے اس طریقہ کار کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اس اعلان کے بعد پہلے ہی مہنگائی اور توانائی کی قلت سے پریشان گھریلو صارفین میں تشویش بڑھنے کا خدشہ ہے، کیونکہ ایل پی جی کی فروخت بند ہونے کی صورت میں ان شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جو کھانا پکانے اور روزمرہ ضروریات کے لیے ایل پی جی سلنڈروں پر انحصار کرتے ہیں۔

خصوصاً ان علاقوں میں جہاں سوئی گیس کی فراہمی محدود ہے یا گیس کا پریشر کم رہتا ہے، وہاں ایل پی جی کی ممکنہ بندش سے عوام کی مشکلات مزید بڑھ سکتی ہیں۔ دوسری جانب اگر ہڑتال طویل ہوتی ہے تو ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہونے کے ساتھ مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافے اور ناجائز منافع خوری کے خدشات بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت اور ایل پی جی ایسوسی ایشنز سے مطالبہ کیا ہے کہ باہمی مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا فوری حل نکالا جائے، تاکہ گیس کی فراہمی متاثر نہ ہو اور پہلے سے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔

بائنانس سے ڈیجیٹل اثاثوں کی چوری میں شمالی کوریا ملوث ہے، ایف بی آئی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آئی نے کہا ہے کہ کرپٹو کرنسی ایکسچینج بائنانس سے 6 ارب ڈالر سے زائد مالیت کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابلِ فخر باب ہیں، بلاول بھٹو

پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کو بااختیار بنانے، نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے مواقع اور صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے 79 ویں یومِ آزادی پر عوام کو مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر خطے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک روشن، یادگار اور قابلِ فخر دن ہے، جو یہاں کے عوام کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)



امریکا نہیں چاہتا پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے، مارکو روبیو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ امریکا نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اٹلانٹا میں جی ٹوئنٹی وزرائے خارجہ اجلاس کے اختتام پر خطاب میں کہا کہ پاکستان افغانستان کے علاقے سے ہونے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)



ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ گیم چینجر ثابت ہوگا، ترک وزیر خارجہ

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کے حوالے سے اہم پیش رفت ثابت ہو سکتا ہے اور خطے کی صورتحال پر دور رس اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ ان کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز پر حملے کا خدشہ؟ جاسوس ڈرون عمارت سے ٹکرا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں کاؤنٹر ٹیررزم ڈپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ شب 12 بج کر 30 منٹ پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

پاکستان میں دہشت گردی کیلئے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلی جنس حکام کے اجلاس کا انکشاف



افغان طالبان رجیم کی دہشتگردوں کو امریکی اسلحہ فراہمی کے ہوشربا شواہد سامنے آگئے

اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں،

افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 7.1 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں، رپورٹ

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان طالبان رجیم کی جانب سے فتنہ الہندوستان اور فتن الخوارج کو امریکی ساختہ اسلحہ فراہم کرنے کے شواہد سامنے آگئے۔ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے ہلاک ہونے والے بھارتی پراکسی فتن الہندوستان کے دہشت گردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کیے ہیں، جس میں M16 اور M4 رائفلز، ایمنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز شامل ہیں۔ طالبان لیڈر ملا ہبۃ اللہ کا فتن الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ اس حوالے سے خفیہ رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ انٹیلیجنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشتگردی کے لیے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)




نئے یونٹس کے معاملے کی سنجیدگی کی وجہ سے مخالفین کے لہجے سخت ہو رہے ہیں، مصطفیٰ کمال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ایمانداری سے کہتا ہوں موجودہ سرکاری نظام نہیں چل سکتا، نئے انتظامی یونٹس کو بنانے میں جتنی دیر ہوگی اتنا ہی زیادہ نقصان ہوگا، نئے انتظامی یونٹس کو سنجیدہ لیا جا رہا ہے اسی وجہ سے حریف کے لہجے سخت ہو رہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو ریلیف فراہم کیا جائیگا، وفاقی وزیر پٹرولیم


اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعمال سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں، عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)



مہنگائی میں حکومت کا قصور نہیں، امریکی صدر ٹرمپ کا ہو سکتا ہے، رانا ثنا اللہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے ملک میں مہنگائی کا ذمے دار امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا مہنگائی میں حکومت کا قصور نہیں، ٹرمپ کا ہو سکتا ہے۔ فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

جیکب آباد، وہاڑی برادری کے 2 گروپوں میں تصادم، 4 افراد جاں بحق، IG سندھ کا نوٹس



کراچی (رپورٹ بادرن انصاری) ضلع جیکب آباد کے علاقے میر پور بڑو میں وہاڑی برادری کے دو گروپوں کے درمیان صبح تصادم میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ آئی جی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

انتخابی اصلاحات کمیٹی میں آجائیں ہم بھی دینے کو تیار ہیں




بلاول بھٹو انتخابی اصلاحات کا عمل حکومت و اپوزیشن کی مشاورت سے آگے بڑھانے کے خواہاں ہیں، اپوزیشن کی نمائندگی سے متعلق تجویز

پاکستان پیپلز پارٹی وفاقی حکومت تک پہنچ گئی، پی ٹی آئی کو کمیٹی میں شمولیت پر حتمی جواب دینے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے، ذرائع

اپوزیشن کو دینے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

وزیر داخلہ سندھ کی زیر صدارت شاہراہ بھٹو کی سیکورٹی سے متعلق اہم اجلاس



کراچی (رپورٹ عامر صابر) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی زیر صدارت شاہراہ بھٹو کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں منعقدہ سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منعقدہ سے سیکیورٹی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

جی 20 وزرائے خارجہ اجلاس کسی نتیجے پر پہنچے بغیر ختم

واشنگٹن (نمائندہ خصوصی / ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

امریکا ایران پر بمباری دوبارہ شروع کرنے کی تیاری کر رہا، امریکی اخبار

واشنگٹن (نمائندہ خصوصی / ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی، شہریوں کا جھگڑا، مکوں، گھونسوں اور تھپڑوں کی بارش

پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ویڈیو سوشل میڈیا کے ذریعے موصول ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس بخاری کمرشل میں شہریوں کے جھگڑے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

کراچی، پولیس مقابلے، 3 ملزمان ہلاک، 4 زخمیوں سمیت 6 گرفتار

ناردرن کراچی میں شاہین فورس کے مقابلے میں دو ملزمان ہلاک، اورنگی ٹاؤن میں ایک ملزم مارا گیا

مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو ہلاک جبکہ چار زخمیوں سمیت 6 ملزمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی: شوہر نے بیوی اور اس کے آشنا کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

ملزم ایوب واردات کے بعد اپنے دو بچوں سمیت فرار، 30 بور پستول کے خول برآمد

فائرنگ کے واقعے میں ایک خاتون اور نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے دفتر کے قریب کچرے کے ڈھیر میں آتشزدگی

ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز نے آدھے گھنٹے کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا

بورڈ کے دفتر سے متصل پلاٹ پر پڑے کچرے کے ڈھیر میں اچانک آگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی: ڈرائیور کو اغوا کر کے 2 کروڑ روپے تاوان وصول کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے اغوا کیا گیا رکشہ، اسلحہ اور موبائل فون برآمد

ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق ملزمان کے خلاف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

ہلاک ملزم کے خلاف مختلف تھانوں میں 15 مقدمات درج تھے، ملزم متعدد بار گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے، فرار ساتھی کی تلاش جاری ہے، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیسٹ زون کے علاقے میں مبینہ مقابلے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

28 ویں ترمیم بہتری کیلئے ہوئی تو پیپلز پارٹی سپورٹ کریگی، سعید غنی

کراچی (رپورٹ محمد فیصل) پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم اگر بہتری کے لیے ہوئی تو پیپلز پارٹی ضرور سپورٹ کرے گی، پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

سندھ بھر میں نئے بلدیاتی زونز اور انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت

کراچی سمیت ٹنڈو آدم، نوشہرو فیروز اور نوابشاہ کے شہریوں نے عوامی سہولتوں کی فراہمی اور بہتر انتظامی امور کے لیے نئے یونٹس کے قیام کو ضروری قرار دے دیا

پاکستان کی شاندار فتح پوری قوم کیلئے باعث فخر اور خوشی ہے، ہر جیل انعام میں دوں گا، وزیراعظم

قومی ٹیم نے پوری سیریز کے دوران محنت، لگن، عزم اور بہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ کیا، پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں اور پھر پور جذبے سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، یہ سینئر وزیر کی قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد میں شاندار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

غزہ کی تباہی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا امتحان ہے، حافظ نعیم الرحمن

ہم ایسی دنیا چاہتے ہیں جہاں فلسطین آزاد ہو اور کشمیر یوں کو انصاف حاصل ہو، شدید مصائب کے باوجود

اہل غزہ کی ثابت قدمی انسانی وقار اور امید کی غیر معمولی مثال ہے، امیر جماعت اسلامی کا استقبالیہ سے خطاب

اجتماع (رپورٹ رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ غزہ کی تباہی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

ٹک ٹاکر مسٹر پتلو کی مہندی کی تقریب میں بھگدڑ، جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی

واقعہ کے بعد پولیس نے مسٹر پتلو سمیت 40 سے زائد نامزد اور نامعلوم افراد کے خلاف تھانہ موتہ میں مقدمہ درج کر کے 6 افراد کو گرفتار کرلیا، تحقیقات جاری

تقریب میں بھگدڑ مچنے سے جاں بحق افراد کی تعداد 2 ہوگئی بنگلہ 17 افراد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

سندھ کے سگلتے مسائل پر جلد احتجاجی تحریک چلائینگے، عامر نواز وڑائچ

ایل پی جی اور پیٹرول کی قیمتوں نے عوام کی زندگی اجیرن کردی، حکومت اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کے بجائے عوام کو ریلیف دے، خیبر پختونخوا کے گورنر راج ختم کرے، جمہوری عمل بحال کیا جائے

لاڑکانہ (اسٹاف رپورٹر) کراچی پارا ریاسی یونین کے صدر عامر نواز وڑائچ نے کہا ہے کہ سندھ کے سگلتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

میر پور خاص میں مہنگائی کا طوفان، آٹا 180 روپے اور ایل پی جی 600 روپے تک پہنچنے پر شہریوں کی چیخیں نکل گئیں

ایک طرف اشیائے خورونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں تو دوسری جانب

بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں، جس کے باعث عوام دوہری اذیت کا شکار ہیں، شہری

میر پور خاص (رپورٹ محمد ایوب یوسفزئی) میر پور خاص شہر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جہاں روزمرہ استعمال کی اشیا کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

بلوچستان، متعدد خانوادوں کا دہشتگردی میں ملوث ہٹلانے کا اعلان لاتعلقی

مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان دہشت گردوں لاتعلقی کا اعلان کر چکے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں متعدد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

اے این ایف کی منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں، 7 کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار

سیکٹر ڈی/17/2 اسلام آباد سے 2 ملزمان کے قبضے سے 2.4 کلوگرام چرس برآمد

جبکہ جی ٹی روڈ جہلم پر موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان سے 260 گرام چرس برآمد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد منشیات فورس (اے این ایف) نے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 7 کارروائیوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

ان افغانستان بگڑتے تعلقات کی جوت تسلیم کرنے کو آمادہ نہیں، وزارت اطلاعات پاکستان

کابل کو دہشت گردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی، وزارت اطلاعات و نشریات کے ترجمان افغان طالبان کے حالیہ بیان

اپنے شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کو کبھی کمزوری نہ سمجھا جائے، افغان طالبان کی الزام تراشی اور کھوکھلی یقین دہانیاں پاک افغان عبوری کا کل نہیں، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت اطلاعات و نشریات کے ترجمان افغان طالبان کے حالیہ بیان پر کہا ہے کہ افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی وجوہات تسلیم کرنے کو تیار نہیں، کابل کو دہشتگردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

گلستان جوہر میں نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

مقتول کی عمر 35 سے 40 سال کے درمیان بتائی جاتی ہے، فوری شناخت نہ ہوسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلستان جوہر بلاک 13 کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، ریسکیو حکام کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی



ہلاک ملزم کے خلاف مختلف تھانوں میں 15 مقدمات درج تھے، ملزم متعدد بار گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے، فرار ساتھی کی تلاش جاری ہے، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیسٹ زون کے علاقے میں مبینہ مقابلے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں بارش، پہاڑوں پر برفباری کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شدید گرمی برقرار ہے تاہم بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان ہے محکمہ موسمیات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی، گرمی کا سلسلہ برقرار، پارہ 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں دن کے اوقات میں گرمی کا سلسلہ بدستور برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ آئندہ تین روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے، محکمہ موسمیات نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سے گلگت بلتستان کے مہمان گلویمن ناصر حسین شاہ نے گلگت بلتستان کے مختلف شعبوں میں جاری ملاقات کیلئے آنے والے کوکس بن رہے ہیں

گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، سید ناصر حسین شاہ

آزادی کی 79 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

محمود آباد میں بریانی سینٹر پر فائرنگ اور بھتے کی دھمکی، پیپلسلطان تھانے میں مقدمہ درج



الیاری گینگ وار کے مبینہ بھتہ خور گروہ کے سرغنہ وسیم لاکھو اور نامعلوم ساتھی نامزد

ملزمان نے دکان اور فیملی ہال کی دیواروں پر فائرنگ کی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمود آباد کے قریب کراچی ایئرپورٹ ہاؤسنگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کورنگی، گھر میں گیس لیکیج سے آگ بھڑک اٹھی، ایک شخص جھلس کر زخمی

زخمی 42 سالہ منظور ولد خان محمد کو سول ہسپتال وارڈ منتقل کر دیا گیا، تحقیقات جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی میں مبینہ طور پر گیس لیکیج کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھنے کے سول ہسپتال وارڈ منتقل کر دیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)


محمود آباد میں بریانی سینٹر پر فائرنگ اور بھتے کی دھمکی، پیپلسلطان تھانے میں مقدمہ درج

الیاری گینگ وار کے مبینہ بھتہ خور گروہ کے سرغنہ وسیم لاکھو اور نامعلوم ساتھی نامزد

ملزمان نے دکان اور فیملی ہال کی دیواروں پر فائرنگ کی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمود آباد کے قریب کراچی ایئرپورٹ ہاؤسنگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سے گلگت بلتستان کے مہمان گلویمن ناصر حسین شاہ کے مختلف شعبوں میں جاری ملاقات کیلئے آنے والے کوکس بن رہے ہیں



پہلی قومی بیچ والی بال چیمپئن شپ میزبان ایونٹ بنوی، ڈیفنس کنٹیگری کا ٹائٹل آرمی نے جیت لیا

کراچی (رپورٹ منزہ منصور) پہلی قومی بیچ والی بال چیمپئن شپ میں مردوں کے مقابلے میں پاکستان نیوی بلیو جیکٹ خواتین کیٹگری کا ٹائٹل پاکستان آرمی نے جیت لیا۔ پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

گل پلازہ سانحہ: شہید فائر فائٹر فرقان علی کے لیے تمغۂ شجاعت کی منظوری

امدادی کارروائیوں کے دوران جان قربان کرنے والے ایم سی اہلکار کی بہادری اور فرض شناسی کا قومی سطح پر اعتراف، صدر مملکت نے اعزاز کی منظوری دے دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گل پلازہ آتشزدگی کے دوران اپنی جان خطرے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: صوبائی وزیر صحت و اقرباء پروری قوت سمیع اللہ فرنیچر کا کچرہ کے موقع پر معائنے کے لیے پہنچ گئے ہیں



کراچی، شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کو کبھی کمزوری نہ سمجھا جائے، افغان طالبان کی الزام تراشی اور کھوکھلی یقین دہانیاں پاک افغان عبوری کا کل نہیں، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت اطلاعات و نشریات کے ترجمان افغان طالبان کے حالیہ بیان پر کہا ہے کہ افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی وجوہات تسلیم کرنے کو تیار نہیں، کابل کو دہشتگردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں جدید بوئنگ 787 ڈریم لائنر شامل، پہلا طیارہ پاکستان پہنچ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کے فضائی بیڑے میں جدید بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارہ شامل ہوگیا، جس نے لندن سے پرواز پی آئی کے 786 کے ذریعے اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کیا۔ پاکستان کی سول ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی: ڈرائیور کو اغوا کر کے 2 کروڑ روپے تاوان وصول کرنے والے 3 ملزمان گرفتار



ملزمان کے قبضے سے اغوا کیا گیا رکشہ، اسلحہ اور موبائل فون برآمد

ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق ملزمان کے خلاف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر جیل خانہ جات کی قانونی تقریب کے موقع پر ہنگامہ، کے ایم آر کے ارکان پر تشدد کا الزام



کراچی: صوبائی وزیر صحت و اقرباء پروری قوت سمیع اللہ فرنیچر کا کچرہ کے موقع پر معائنے کے لیے پہنچ گئے ہیں

پولیو مہم کراچی پولیس کا سیکورٹی پلان تیار، 8311 سے زائد اہلکار و جوان تعینات



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کراچی کے دفتر کی جانب سے کراچی میں 2 نومبر سے 8 پولیو مہم کے لیے سیکیورٹی پلان جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

نومبر تک جاری رہنے والی پولیو مہم کے لیے سیکیورٹی پلان جاری، 8311 سے زائد اہلکار و جوان تعینات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کراچی کے دفتر کی جانب سے کراچی میں 2 نومبر سے 8 پولیو مہم کے لیے سیکیورٹی پلان جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

کیا مولانا ریاست مخالف بیانات کے بعد ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟ فیصل کریم کنڈی



آپ لوگوں کو کیا حق بنتا ہے کہ شہدا کے نام پر تنبیہ حاصل کریں؟ مولانا کو چاہیے پہلے خود کو صاف شفاف کریں اور پھر دوسروں کے بارے میں بات کریں، انٹرویو

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ریاست (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

جرمنی بھی احتجاج کی لپیٹ میں آگیا، مہنگائی کے خلاف ہزاروں نوجوان سڑکوں پر نکل آئے

برلن (نمائندہ ڈیسک) فرانس میں مہنگائی کے خلاف شروع ہونے والے احتجاج نے جرمنی کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا جہاں گزشتہ روز ایک لاکھ 20 ہزار افراد نے مختلف شہروں میں حکومت کے خلاف مظاہرے کیے۔ بعض مقامات پر احتجاج پرتشدد صورت اختیار کر گیا، جس کے بعد پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے واٹر کینن اور آنسو گیس سمیت مختلف اقدامات کیے۔

بیرون ملک ملازمت کے لیے جانے والے پاکستانیوں کو اہم ہدایات جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے ملازمت کے سلسلے میں بیرون ملک جانے والے پاکستانی مسافروں کے لیے اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ روانگی سے قبل تمام سرکاری اور نجی دستاویزات میں نام، والد کا نام اور شناختی کارڈ کوائف کی درستگی اور یکسانیت کی تصدیق لازمی طور پر کی جائے۔ بیورو کے اعلامیے کے مطابق نام کی بھی فرد کی بنیادی شناخت ہے۔



انٹی نارکوٹکس فورس کی ملک بھر میں کی گئی کارروائیوں کے نتیجے میں گرفتار ملزمان



روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریو ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com



جناح اسپتال میں بجلی کی بندش اور جنریٹرز کی ناکامی

3 ماہ میں ڈیزل پر 52 لاکھ روپے سے زائد خرچ ہونے کا انکشاف

اسپتال میں ہنگامی جنریٹرز بھی بجلی کی طویل بندش کے دوران جواب دے گئے، آئی سی یو کے دو مریضوں کی اموات، انتظامیہ کا بجلی کی بندش کو اموات کی وجہ قرار دینے سے انکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سب سے بڑے سرکاری طبی ادارے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (جناح اسپتال) میں بجلی کی بلا تعطل فراہمی کی سہولت اور لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ کے باوجود ہنگامی جنریٹرز کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ اسپتال کے جنریٹرز کے لیے صرف تین ماہ کے ... اطلاعات بھی سامنے آئیں، جبکہ درجنوں دیگر مریضوں کی حالت بگڑنے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ تاہم اسپتال انتظامیہ نے ان اموات کا بجلی کی بندش سے تعلق مسترد کرتے ہوئے مؤقف اختیار ... ہے۔ گزشتہ شب بجلی کی فراہمی میں تعطل اسپتال کے اندرونی بجلی کے نظام میں خرابی کے باعث پیش آیا، جس کا کے الیکٹرک کے انفرااسٹرکچر سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ادھر اسپتال انتظامیہ نے ہنگامی جنریٹرز ... استعمال کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنریٹرز کو تکنیکی معائنے اور چیکنگ کے لیے بھی وقتاً فوقتاً چلایا جاتا ہے، جبکہ بجلی کے کسی بھی فالٹ کی صورت میں اسپتال کو متبادل بجلی فراہم کرنے کے لیے ان سے کام لیا جاتا ہے۔ تاہم ڈاکٹر یحییٰ تنیو نے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران ڈیزل پر خرچ ہونے والی رقم اور ...



قابل اعتراض ویڈیوز، دھمکی آمیز پیغامات سے خاتون کو ہراساں اور بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار





سٹی پولیس ساؤتھ زون کی کارروائیاں، 24 گھنٹوں میں 14 ملزمان گرفتار



لیاری کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے، 25 ارب 28 کروڑ کے ٹرانسفارمیشن پیکیج کا حساب دیا جائے، منعم ظفر خان



فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس کی مشترکہ کارروائی: شارٹ ٹرم کڈنیپنگ گروہ کا اہم کارندہ گرفتار






عباسی شہید اسپتال کا 150 بستروں پر مشتمل نیا بلاک آئندہ ہفتے فعال کر دیا جائے گا، مرتضیٰ وہاب



لیاری میں 18 گھنٹے کی غیر اعلانیہ بجلی اور گیس لوڈشیڈنگ کیخلاف پیپلز پارٹی کی احتجاجی ریلی



شکایات کا حجم 8 ہزار سے 25 ہزار تک پہنچا، 90 فیصد مقدمات 90 دن میں حل، صوبائی محتسب اعلیٰ سہیل راجپوت کا خطاب

فریال تالپور کی گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر مبارکباد



ایف آئی اے امیگریشن کی کارروائی، جعلی ایگزٹ اسٹیمپ کے ذریعے زیمبیا جانے کی کوشش ناکام




اورنگی ٹاؤن انویسٹی گیشن پولیس کی کارروائیاں، مغویہ رخسانہ اور مغوی ایان بازیاب، ملزم خورشید عالم گرفتار



الیکشن کمیشن کا ضلع قمبر شہدادکوٹ میں خواتین کی ووٹر رجسٹریشن کے لیے خصوصی پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز



ڈی آئی جی ایسٹ کے احکامات پر ٹاسک فورس کی کارروائیاں، 10 ملزمان گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی پی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کے احکامات پر ایس ڈی پی او جمشید ڈویژن ASP محمد عاشر کی زیرِ نگرانی ٹاسک فورس نے ایسٹ زون کراچی کے ضلع ملیر و کورنگی کی حدود میں متعلقہ علاقہ پولیس کے ہمراہ کارروائیاں کرتے ہوئے گٹکا ماوا کی خرید و فروخت میں ملوث 10 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ... کالا رنگ موٹر سائیکل برآمد ہوئی، اور مقدمہ الزام نمبر 530/2026 بجرم دفعہ گٹکا ماوا ایکٹ تھانہ شاہ فیصل کالونی درج کیا گیا۔ تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن، ملیر کراچی سے بابر ولد نور محمد، اسد خان ولد وزیر محمد اور شاہ زیب ولد غلام محمد کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے کل 385 عدد پڑیاں گٹکا ماوا، مین پوری کی 45 پڑیاں، 19100 روپے نقدی ...



تھانہ گلبرگ پولیس کا اسٹریٹ کرمنل سے مقابلہ: فائرنگ کے تبادلے میں ملزم زخمی حالت میں گرفتار






پولیس مقابلہ، موٹر سائیکل لفٹر زخمی حالت میں گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد







کسی بھی رشتے میں اب محبت خریدنی پڑتی ہے، بشریٰ انصاری



بقیہ روزنامہ تشکر 1

سربراہی سنبھال لی ہے، پاکستان نے ترقی پذیر معیشتوں کی اجتماعی آواز کو مضبوط بنانے اور ایک زیادہ جوابدہ، منصفانہ اور ترقی پر مبنی بین الاقوامی مالیاتی نظام کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے چیئرمین شپ کو ایک اہم ذمہ داری قرار دیتے ہوئے نئے بین الاقوامی تعاون، مضبوط کثیر الجہتی اداروں اور موسمیاتی جھٹکوں، ترقیاتی مالیاتی فرق اور عالمی اقتصادی تقسیم سے نمٹنے کے لیے عالمی وعدوں کی تقویت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر معیشتوں کا مستقبل عالمی معیشت کے مستقبل سے وابستہ نہیں ہے، بلکہ اس کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ نے سرمایہ کاری، اختراع، صنعت کاری اور عالمی نمو کے محرک کے طور پر ابھرتی اور ترقی پذیر قوموں کی بے پناہ صلاحیت کو بھی واجاگر کیا۔ پاکستان کے ایجنڈے کا خاکہ پیش کرتے ہوئے سینیٹر اورنگزیب نے اس کی چیئرمین شپ کے لیے تین سٹریٹجک ترجیحات کی نشاندہی کی اور کہا کہ سب سے پہلے، ترقی کو عالمی اقتصادی پالیسی سازی کے مرکز میں رکھا جائے گا۔ میکرو اکنامک استحکام کو سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، روزگار اور مشترکہ خوشحالی کی بنیاد کے طور پر کام کرنا چاہیے، جو ترقی پذیر اور کم آمدنی والی معیشتوں کو بحران سے نکل کر پائیدار ترقی کی طرف بڑھنے کے قابل بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری ترجیح زیادہ جامع اور نمائندہ اداروں کے ذریعے اراکین کے اجتماعی فائدے کے لیے کثیر الجہتی فریم ورک کا استحکام ہے۔ پاکستان زیادہ منصفانہ اور منصفانہ طرز حکمرانی، فیصلہ سازی میں بامعنی شرکت اور عالمی بینک وبین الاقوامی مالیاتی فنڈ جیسے بریٹن ووڈز اداروں کی اپنے اراکین کی بدلتی ہوئی ضروریات اور حقائق کے لیے زیادہ ردعمل کی وکالت کرے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے مؤثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کو گروپ آف ٹوئنٹی فور کی چیئرمین شپ ملنے پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ اہم سفارتی سنگ میل عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے مؤثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارتِ خزانہ کی پوری ٹیم کی انتھک محنت، مؤثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاسوں کے دوران پاکستان کے مؤثر کردار اور ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی قیادت میں پاکستان کو نمایاں مقام دلانے کے لیے وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو قابلِ ستائش قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ G-24 کی چیئرمین شپ پاکستان کو عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے منصفانہ مالی معاونت اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے پائیدار ترقی کے مواقع کے فروغ کے حوالے سے مؤثر کردار ادا کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے جی 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور متعلقہ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جی 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان جی 24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کرے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

کو ہراساں کرنے کے ساتھ مسجد کو بم سے اڑانے اور نمازیوں کو گولی مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں بھی انتہا پسند بجرنگ دل کارکنوں نے مسلمان تاجروں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مذہبی تعصب کے باعث شدید زخمی مسلمان تاجروں کو اسپتال میں بستر کے بجائے فرش پر لٹایا گیا۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کے ماہرین کے مطابق مودی کی سرپرستی میں ہندو انتہا پسندوں کی دیدہ دلیری کے باعث بھارت میں اقلیتیں مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیئے گئے ہیں جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کرانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے تاہم سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی ہے۔ سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغانستان کو اب بھی غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں، یہ ایک رجیم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد وہاں متعدد ایجنسیوں اور پراکسیز نے اپنی جڑیں مضبوط کرلی ہیں اور جیش العدل، القاعدہ، آئی ایس کے پی جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں اور اس بات کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکہ کے علاوہ کئی ممالک کرچکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت کرنا بند کرے، افغان طالبان رجیم نے نورولی خارجی، بشیر زیب، گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے لیے تشکیل افغانستان سے آتی ہے اور وہیں سے انہیں اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ افغان حکومت کی پالیسی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اگر طالبان رجیم دہشت گردی کے حوالے سے ہماری بات نہیں مانتا تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی، افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دنیا افغان رجیم کو نارمل ریاست والا رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرے، بین الاقوامی برادری افغان طالبان کو مجبور کرے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار روکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ پاکستان کی افواج افغان رجیم کی طرف سے تمام خطرات بشمول ڈرونز کا سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

کریں گے۔ عباس عراقچی نے مزید کہا کہ حالیہ صورتحال میں امریکہ کے ساتھ ملاقات کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ جنگ خارج از امکان نہیں، ہر صورتحال کے لئے تیار ہیں، لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طے کردہ نئے شپنگ روٹس تسلیم کیے جانے اور دیگر روٹس بند کرنے کی شرط پر ہرمز کھولنے کے لیے غور کر سکتے ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ قطر نے ایرانی سات روزہ تجویز کو کم کر کے پانچ روزہ کرنے کی تجویز پیش کی ہے، اب ایک تجویز پر پہنچے ہیں جس میں عملدرآمد کا دورانیہ 2 روزہ کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے مذاکرات اچھے مرحلے پر ہیں لیکن ان پر زیادہ بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ فلوریڈا میں اپنی رہائش گاہ پر ہیلووین پارٹی میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ معاہدہ کرتے ہیں اور پھر مکر جاتے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ کیا وہ کوئی معاہدہ کرتے ہیں یا نہیں۔ ہمیں کوئی جلدی نہیں ہے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہم نے ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام، پیداواری صلاحیتوں اور جوہری پروگرام کو تباہ کردیا۔ انہوں نے کہا کہ اب صرف ایک یا دو مقامات باقی ہیں جن سے نمٹنا ہے۔ ہم یہ کام 10 منٹ میں کرسکتے ہیں اور ہمارے پاس اس کے لیے ایک منصوبہ موجود ہے۔ قبل ازیں ایرانی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکی نائب صدر کے پیغام کا لہجہ مکمل بدل چکا، یہ ایرانی عوام کی کامیابی ہے، ایران کی جوہری پالیسی میں تبدیلی کا کوئی نیا فیصلہ نہیں ہوا۔ امریکی نائب صدر کے خط سے متعلق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایرانی مطالبات پورے ہونے کے بعد ہی جوہری معاملے پر بات ہوسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران سفارت کاری کو سنجیدگی سے آگے بڑھا رہا ہے، قومی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ محسن رضائی نے کہا کہ جنگ کا مستقل خاتمہ ہونا چاہیے، دوبارہ کسی ملک کو ایران پر حملے کی جرات نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ مذاکرات کی صورت میں این پی ٹی کے تحت ایران کے جوہری حقوق کا احترام کیا جانا چاہیے، ایرانی شرائط پوری ہونے تک آبنائے ہرمز بند رہے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

ڈیجیٹل اثاثوں کی چوری میں شمالی کوریا ملوث ہے۔ ایک بیان میں ایف بی آئی نے کہا کہ شمالی کوریا سے منسلک ہیکرز چوری شدہ اثاثے ایتھریم میں تبدیل کر رہے ہیں۔ ایف بی آئی کا کہنا تھا کہ چوری شدہ ڈیجیٹل اثاثوں کی مزید منی لانڈرنگ کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ کرپٹو ایکسچینج بائنانس کو سائبر حملے کا سامنا ہے، جس سے تقریباً 6.3 ارب ڈالر مالیت کے کرپٹو اثاثے متاثر ہوئے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

بہادری، لازوال قربانیوں اور آزادی کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان اپنی منفرد ثقافت، شاندار روایات اور قدرتی حسن کے باعث پاکستان کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں گلگت بلتستان کے عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسے خطے کی سب سے بڑی جماعت منتخب کیا، جو پارٹی قیادت کے لیے اعزاز کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت میں قائم اتحادی حکومت عوام کے اعتماد کو خدمت، ترقی اور خوشحالی کے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اس بات پر زور دیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو جمہوری، آئینی اور بنیادی حقوق کی فراہمی، انہیں بااختیار بنانا اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے کی پائیدار ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ تمام شہریوں کو ان کے جائز حقوق اور بنیادی سہولیات میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے نوجوانوں کے لیے معیاری تعلیم اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا، صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے، تاکہ خطے کے عوام بالخصوص نوجوان ترقی کے قومی دھارے میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمانی، ان کے جائز حقوق کے تحفظ اور خطے کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہد آزادی، قربانیوں اور قومی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، جبکہ خطے کے روشن مستقبل کے لیے عوام کو بااختیار بنانے، جمہوری حقوق کے تحفظ اور ترقی کے مساوی مواقع کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

والے دہشت گرد حملوں پر تشویش کا اظہار کررہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا موقف ہے کہ طالبان نے ان حملوں کو روکنے کے لیے اقدامات نہیں کیے، پاکستان نے جوابی کارروائی کی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

ہونے والا یہ معاہدہ ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ترک وزیر خارجہ نے اس معاملے پر بھارت اور اسرائیل کی جانب سے پھیلائی جانے والی مبینہ غلط معلومات کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے ہونے والا پروپیگنڈا معاہدے کی اہمیت کو کم نہیں کرسکتا۔ ترک وزیر خارجہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ تینوں ممالک کے درمیان تعاون خطے میں سلامتی اور دفاعی شراکت داری کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

پیش آیا، جس سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز میں خوف وہراس پھیل گیا۔ سرویلنس ڈرون جلوموڑ کی طرف سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی جانب آیا۔ حکام نے بتایا کہ جدید ساختہ سرویلنس ڈرون ہیڈ کوارٹرز کی بیرونی دیوار سے ٹکرانے کے بعد نیچے گرگیا۔ ڈرون کی مدد سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کے اندرونی حصوں کی ریکی جاری تھی۔ سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی سیکورٹی ٹیم نے سرویلنس ڈرون قبضے میں لے لیا اور اس وقت ڈرون کے ساتھ منسلک کیمروں اور بیٹری کی لائٹس آپریشنل تھیں۔ بعد ازاں بم ڈسپوزل اسکواڈ نے ڈرون کے معائنے کے بعد کلیئرنس دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی نیت سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی جانب ڈرون بھیجا۔ حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی سیکورٹی نے تھانہ ہربنس پورہ میں کارروائی کے لیے درخواست جمع کرادی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

کا انکشاف ہو چکا ہے۔ اجلاس میں دہشتگرد تنظیم فتن الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 7.1 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

ہیں۔ کراچی کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اعتراف کرتا ہوں کہ کراچی کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے، خون جلا کر اس نتیجے پر پہنچا ہوں کراچی کیلئے فریاد کرنا چھوڑ دیں کسی کو فرق نہیں پڑتا، اہلیان کراچی کما کر دے رہے ہیں اور پھر بھی وفاق سے بھیک مانگ رہے ہیں، پاکستان کو چلانا اور بچانے کیلئے پاکستان موجودہ رائج ماڈل پر نہیں چلایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی بیوروکریسی پر کراچی والوں کی آمد سے ناگواری گزرتی ہے، پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی تائید کرتے ہیں، وفاق سے سیلز ٹیکس کی مد میں کراچی کو اگر براہ راست رقم ملتی تو اسکا حجم 230 ارب روپے ہوتا، کراچی بندرگاہوں سے کسٹمز کا حجم 190 ارب روپے ہے جو انفراسٹرکچر پر صرف ہونا ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ مردم شماری میں گھپلے کرکے کراچی کی آبادی کو کم کیا گیا، کراچی کے کاروبار یا صرف دوٹیکسز سے سالانہ 884 ارب روپیہ اور 16 سال میں 3 ہزار ارب روپے بنتے ہیں، کراچی کی آبادی 2017 کی مردم شماری کا نمبر ایک کروڑ ساٹھ لاکھ تھا، کراچی کی آبادی 2023 کی مردم شماری کا نمبر ایک کروڑ 30 لاکھ تھا، وزیر اعلی سندھ نے کراچی کی آبادی کو چھ سال میں 30 لاکھ کم کر دیا، حکومت سندھ ہمارے وجود کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں بنیادی سہولیات کہاں سے ملیں گی۔ مصطفی کمال نے کہا کہ گورننس کا نظام ہی نہیں چل سکتا، یہ ہماری وجہ سے نہیں بلکہ پاکستان کے حالات سے ہوا ہے، جو ون فیصد ایکسپورٹ کرنے والوں کو اسلام آباد جانا پڑتا ہے، دودھ دینے والی گائے کو چارہ تو کھلائیں پانی تو پلائیں، آکٹرائے کے 2.5 فیصد سیلز بڑھا کر ڈسٹرکٹ کو براہ راست رقم دینے کا انتظام بنایا گیا، اس کا چھٹا حصہ اس سال 230 ارب روپے بنتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

م ہوتے ہی عوام کو بھی فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ اتوار کو نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبول فیصلوں کے بجائے ملکی زرمبادلہ کے تحفظ کو ترجیح دی، پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کر کے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے، اور آبنائے ہرمز کے بحران کا دیگر ممالک کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پیٹرول فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی صورتحال نے سب کو متاثر کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ٹرمپ نے جنگ شروع کی ہے اور ایران نے بھی پورا زور لگایا ہے، ہم نے دونوں سے منت کی ہے کہ جنگ ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے حوالے سے عوام کا گلہ درست ہے، اس مہنگائی میں ہمارا نہیں ٹرمپ کا قصور ہے۔ ایران نے ٹرمپ کو جنگ میں جواب دیا ہے، ہم نے تو دونوں ملکوں سے جنگ بندی کی درخواست کی، ایران جنگ رکوانے پر دنیا میں پاکستان کی عزت بڑھی، ایران جنگ بند ہوگی تو ملکی معیشت بہتر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی سے پاکستان خوشحالی کی طرف بڑھے گا، ایران جنگ رکوانے میں پاکستان کا بڑا کردار ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران امریکہ جنگ روکنے کے لئے کاوشیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، ویڈیو میں شہریوں کے دو گروپس آپس میں گتھم گتھا، ایک دوسرے پر مکوں، گھونسوں، تھپڑوں کی بارش کرتے دیکھا جاسکتا ہے لڑنے والے شہریوں کے کپڑے بھی پھٹ گئے۔ ڈیفنس بخاری کمرشل میں شہریوں کے جھگڑے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، ویڈیو میں شہریوں کے دو گروپس آپس میں گتھم گتھا، ایک دوسرے پر مکوں، گھونسوں، تھپڑوں کی بارش کرتے دیکھا جاسکتا ہے لڑنے والے شہریوں کے کپڑے بھی پھٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے پوش علاقے ڈیفنس بخاری کمرشل میں شہریوں کے جھگڑے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، ویڈیو میں شہریوں کے دو گروپس آپس میں گتھم گتھا، ایک دوسرے پر مکوں، گھونسوں، تھپڑوں کی بارش کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ لڑنے والے شہریوں کے کپڑے بھی پھٹ گئے، جھگڑے کے دوران شہری کا اسلحہ گرجاتا ہے جسے وہ بعد میں اٹھالیتا ہے، دوسری جانب پولیس حکام کا موقف بھی سامنے آگیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ویڈیو سوشل میڈیا کے ذریعے موصول ہوئی، تاحال کسی فریق نے پولیس سے رابطہ نہیں کیا، یہ دو گروپوں میں جھگڑا ہے یا کچھ افراد نے کسی ایک شخص کو تشدد کا نشانہ بنایا؟ تحقیقات جاری ہے، جس جگہ لڑائی جھگڑا ہوا وہاں کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی حاصل کر رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

وزرائے خارجہ کا دو روزہ اجلاس اہم عالمی مسائل پر اتفاق رائے کے بغیر اختتام پذیر ہوگیا۔ اجلاس میں روس یوکرین جنگ، ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ، امریکی تجارتی محصولات اور بحیرہ جنوبی چین میں کشیدگی سمیت اہم امور زیر بحث آئے۔ اجلاس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری نہیں کیا جاسکا تاہم امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے مشترکہ ترجیحات پر مشتمل چیئرمین کا بیان جاری کیا۔ روس کی شرکت پر اختلافات کے باعث روایتی گروپ فوٹو بھی منسوخ کر دیا گیا۔ یورپی سفارت کاروں نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کی موجودگی پر اعتراض کیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

پر بھی آمادہ ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی کو پیشکش کی ہے کہ انتخابی اصلاحات کمیٹی میں آ جائیں، سربراہی بھی دینے کو تیار ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی کمیٹی میں تمام جماعتوں کو شامل کرنے اور اپوزیشن کو مناسب نمائندگی دینے کی تجویز ہے۔ کمیٹی میں نمائندگی پارلیمان میں عددی تناسب کے بجائے باہمی اتفاق سے دینے کی تجویز بھی سامنے آئی ہے۔ اپوزیشن کی نمائندگی سے متعلق تجویز پیپلز پارٹی وفاقی حکومت تک پہنچائے گی۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کو کمیٹی میں شمولیت پر حتمی جواب دینے کے لیے یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری انتخابی اصلاحات کا عمل حکومت اور اپوزیشن کی مشترکہ مشاورت سے آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

انتظامی امور اور ترقیاتی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے منصوبہ اہمیت کا حامل ہے اور اس کی سیکورٹی انتہائی ضروری ہے، اس لیے شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے کی سیکورٹی حکمت عملی اور لائحہ عمل کا ازسرنو جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے ایک نیا پروجیکٹ ہے اور حکومت سندھ کا اس پر خصوصی فوکس ہے۔ ضیاالحسن لنجار نے متعلقہ اداروں کو شاہراہ بھٹو کے لیے دو موبائل مکینک وین جلد از جلد تیار کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ شاہراہ بھٹو پر اچانک خراب ہونے والی گاڑیوں کے لیے ٹو ہیکل کا بھی انتظام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے کو ایک ماڈل روڈ بنانا ہے، اور اس اقدام کا مقصد ایسی شاہراہوں کو صوبے کے دیگر اضلاع تک وسعت دینا ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے ہدایت کی کہ شاہراہ بھٹو کے داخلی و خارجی راستوں و دیگر مقامات پر باقاعدہ مارکنگ کر کے سی سی ٹی وی کیمراز کی تنصیب کے اقدامات کیے جائیں اور ان کیمراز کو سیف سٹی پروجیکٹ/ ایس 4 کا حصہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت پیش رفت یقینی بنائیں، کیونکہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے منصوبے سے متعلق امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے متعلقہ حکام اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، اور منصوبے کے حوالے سے درپیش مسائل اور انتظامی امور کا جائزہ لے کر قابل عمل اقدامات پر مشتمل سفارشات تیار کی جائیں، کیونکہ سندھ حکومت عوامی مفاد کے منصوبوں میں پیش رفت اور متعلقہ اداروں کے درمیان موثر ہم آہنگی کو اہمیت دیتی ہے۔ آئی جی سندھ نے اجلاس میں بتایا کہ شاہراہ بھٹو ایکسپریس وے کی سیکورٹی کے لیے موبائل پیٹرولنگ شب و روز جاری ہیں، اور ٹریفک، تھانہ پولیس وہائی ویز پولیس شاہراہ بھٹو پر مسلسل مصروف عمل ہیں، جبکہ درکار وسائل و جدید آلات و دیگر ضروریات کے حوالے سے جلد سفارشات محکمہ داخلہ کو ارسال کی جائیں گی۔ اجلاس میں معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری و سرکاری و نجی شراکت داری کے منصوبے قاسم نوید قمر، سیکریٹریز خزانہ، ٹرانسپورٹ اور بلدیات سمیت ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ، دیگر متعلقہ حکام کے علاوہ ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جیز ٹریفک، ہائی ویز، ایسٹ زون اور تنویر گادی و دیگر حکام نے بھی شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

ایک بیان میں کہا کہ طالبان حکومت کے ترجمان کا بیان رجیم کی انتہائی گمراہ کن سوچ کو بے نقاب کرتا ہے۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی بنیادی وجوہات تسلیم کرنے کو آمادہ نہیں ہیں، افغان طالبان قیادت مسلسل پاکستان کی پالیسیوں کو مورد الزام ٹھہرا رہی ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان اس اہم مسئلے کو نظرانداز کر رہے ہیں جو تعلقات میں بگاڑ کا بنیادی سبب ہے، تعلقات میں بگاڑ کی بنیادی سبب افغان سرزمین سے دہشتگردی کو روکنے میں طالبان حکومت کی مسلسل ناکامی ہے، دوطرفہ تعلقات میں سب سے بڑی رکاوٹ افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشتگردی ہے۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق کابل کو اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی، پاکستان اپنی سلامتی کو لاحق خطرات کے خاتمے کیلئے تمام ضروری اقدامات کا حق رکھتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان کی الزام تراشی اور کھوکھلی یقین دہانیاں پاک افغان بحران کا حل نہیں، پاکستان کا مؤقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے کہ دہشت گردی ہماری ریڈ لائن ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ اپنے شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کو کبھی کمزوری نہ سمجھا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

جاں بحق ہونے والے شخص کی عمر تقریباً 35 سے 40 سال کے درمیان ہے، تاہم فوری طور پر اس کی شناخت نہیں ہوسکی۔ واقعے کے بعد مقتول کی لاش قریبی اسپتال منتقل کردی گئی۔ پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں اور مقتول کی شناخت سمیت فائرنگ کی وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

اورنگی کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزم کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مقابلے کے دوران پولیس اہلکار فرحان زخمی ہوا، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا، جس کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کی گئی ہے۔ واقعے کے بعد ضابطے کی کارروائی شروع کردی گئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے دوسرے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے اور دیگر کارروائیاں جاری ہیں۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ہلاک ملزم کا سابقہ کرمنل ریکارڈ بھی حاصل کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بلال عادی جرائم پیشہ تھا اور مختلف مقدمات میں 15 سے زائد مرتبہ گرفتار ہوکر جیل جا چکا تھا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ہلاک ملزم کے خلاف سال 2020 سے 2024 کے دوران کراچی کے مختلف تھانوں میں چوری، ڈکیتی، اسلحہ ایکٹ، قتل اور پولیس پر حملے سمیت مختلف الزامات کے تحت مقدمات درج تھے۔ ریکارڈ میں شامل مقدمات میں تھانہ پاپوش نگر میں مقدمہ نمبر 2020/03 اور 2022/232، تھانہ ناظم آباد میں مقدمہ نمبر 2020/06، 2020/124، 2022/19 اور 2022/594، تھانہ شاہراہ نور جہاں میں مقدمہ نمبر 2020/696، 2024/375 اور 2024/376 شامل ہیں۔ اسی طرح تھانہ نارتھ رضویہ میں مقدمہ نمبر 2021/570، تھانہ تیموریہ میں مقدمہ نمبر 2022/70، تھانہ رضویہ میں مقدمہ نمبر 2022/620 جبکہ تھانہ ساحل میں مقدمہ نمبر 2024/25 اور 2024/26 بھی ہلاک ملزم کے خلاف درج مقدمات کی فہرست میں شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

شامل ہونے والا یہ اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارہ ہے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والے طیارے کا استقبال کیا۔ جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ یہ طیارہ لیز پر حاصل کیا گیا ہے۔ بوئنگ 787 ڈریم لائنر جدید فضائی ٹیکنالوجی، جدید ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سسٹم اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے، جو مسافروں کو دوران پرواز بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں اس جدید طیارے کی شمولیت قومی ایئرلائن کو جدید خطوط پر استوار کرنے، فضائی آپریشنز میں بہتری لانے اور بین الاقوامی فضائی نیٹ ورک کو مزید مضبوط بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ طیارے کی پاکستان آمد کو قومی ایئرلائن کے فضائی بیڑے کی جدید کاری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے، جبکہ اس کی شمولیت سے بین الاقوامی روٹس پر مسافروں کو جدید اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنے کی توقع ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

کو گرفتار کرلیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں، جبکہ ملزمان کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ اور دیگر وارداتوں میں ممکنہ ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ بلال کالونی کی شاہین فورس نے نارتھ کراچی سیکٹر 5-B میں فور کے چورنگی کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان کو ہلاک کردیا۔ پولیس حکام کے مطابق ایک ملزم موقع پر ہلاک ہوگیا، جبکہ دوسرا زخمی حالت میں گرفتار ہوا اور دوران علاج اسپتال میں دم توڑ گیا۔ ہلاک ملزمان کی شناخت ایم احسان ولد محمد اشرف اور ناظم ولد نور احمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے دو پستول، موبائل فونز اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق برآمد شدہ موبائل فونز میں سے ایک شہری سے چھینا گیا تھا، جسے شہری نے تھانے پہنچ کر شناخت کرلیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ہلاک ملزمان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ سامنے آیا ہے اور ان کی دیگر وارداتوں میں ممکنہ ملوث ہونے کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق چند روز قبل بھی اسی مقام پر شاہین فورس اور ملزمان کے درمیان ایک اور مبینہ مقابلہ ہوا تھا، جس میں پولیس اہلکار معین الدین زخمی ہو گئے تھے۔ دوسری جانب ضلع سینٹرل میں تھانہ نیو کراچی کی حدود سیکٹر 11-L میں یونٹ پارک کے قریب پولیس نے موٹر سائیکل سوار دو مشتبہ ملزمان کو روکنے کی کوشش کی۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے فائرنگ کردی، جس پر جوابی کارروائی کی گئی۔ فائرنگ کے تبادلے میں دونوں ملزمان زخمی ہوگئے، جنہیں گرفتار کرکے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عظیم علی ولد انور اور مصطفیٰ عرف ہارون ولد اسلم کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ان کے قبضے سے دو غیر قانونی 30 بور پستول بمعہ ایمونیشن، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ملزمان کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ کی جانچ اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ادھر ضلع ویسٹ میں تھانہ اورنگی کی حدود مجیب گوٹھ میں پولیس اور مبینہ مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں ایک ملزم ہلاک جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ فائرنگ کے دوران پولیس اہلکار فرحان بھی زخمی ہوئے۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ہلاک ملزم کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے اس کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ زخمی پولیس اہلکار کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ فرار ملزم کی تلاش جاری ہے۔ ضلع ویسٹ ہی میں تھانہ سرجانی کی حدود گلشن کاظم میں پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان انیل ولد منسور مسیح اور امتیاز ولد محمد نواز کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں انیل زخمی ہوا۔ ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، چلیدہ خول اور موبائل فون برآمد کیے گئے۔ زخمی ملزم کو اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانے لے جایا گیا۔ اسی طرح ضلع سینٹرل میں تھانہ یوسف پلازہ پولیس نے ایف بی ایریا بلاک 16 میں منصورہ گراؤنڈ کے قریب مبینہ اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان آصف ولد رحیم الدین اور دانش ولد نواب کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

مطابق ابتدائی تفتیش میں شبہ ظاہر کیا گیا ہے کہ خاتون کے شوہر ایوب نے مبینہ طور پر غیرت کے نام پر اپنی اہلیہ جمیلہ اور اس کے آشنا مہر علی کو فائرنگ کرکے قتل کیا اور واردات کے بعد اپنے دو بچوں سمیت فرار ہوگیا۔ ایس ایچ او سائٹ سپر ہائی وے چوہدری نواز کے مطابق جاں بحق خاتون کی شناخت 23 سالہ جمیلہ زوجہ ایوب جبکہ نوجوان کی شناخت 24 سالہ مہر علی ولد داؤد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر غیرت کے نام پر پیش آیا، تاہم مزید حقائق کی تصدیق کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق شبہ ہے کہ ملزم ایوب نے اپنی اہلیہ کو مہر علی کے ہمراہ دیکھنے کے بعد دونوں پر فائرنگ کی۔ واقعے کے بعد ملزم نے مقتولہ کے بھائی کو بھی واردات سے متعلق بتایا اور اپنے دونوں بچوں کو ساتھ لے کر فرار ہوگیا۔ پولیس ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں کررہی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور کرائم سین یونٹ موقع پر پہنچے اور شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس کو جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے دو خول ملے ہیں، جنہیں تفتیش کا حصہ بنایا گیا ہے۔ دونوں مقتولین کی لاشیں قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردی گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے اور ملزم کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں میں ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابرآلود اور صبح و رات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کا امکان ہے تاہم رات کے اوقات میں بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہوسکتی ہے۔ حکام کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم صبح اور رات کے اوقات میں خنکی رہے گی۔ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سردی رہے گی۔ چترال، دیر، سوات، کوہستان، کرم اور گردونواح میں مطلع جزوی ابرآلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

بھڑک اٹھی، جس کے باعث علاقے میں تشویش کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق کچرے میں آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ فائر فائٹنگ گاڑی کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گیا اور آگ بجھانے کا عمل شروع کردیا۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق فائر فائٹرز نے تقریباً آدھے گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد کچرے کے ڈھیر میں لگی آگ پر قابو پالیا، جس کے بعد کسی ممکنہ دوبارہ آتشزدگی سے بچاؤ کے لیے کولنگ کا عمل شروع کردیا گیا۔ ترجمان کے مطابق واقعے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

ارلی وارننگ سینٹر کی پیشگوئی کے مطابق کراچی میں آئندہ تین روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری تک جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں نمایاں فرق انسانی صحت کو متاثر کرسکتا ہے، جبکہ موسم کی بدلتی صورتحال کے باعث گھریلو پالتو جانوروں کی صحت بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ موسمی صورتحال کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ کراچی میں سمندری ہواؤں کے ساتھ بلوچستان اور تھرپارکر کی جانب سے آنے والی شمال مشرقی اور شمال مغربی ہوائیں بھی اثر انداز ہوسکتی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

فرسٹ فرنیچر ٹریڈ شو کے دوسرے روز بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سعید غنی نے کہا کہ گزشتہ سال فرسٹ ایکسپو آزادی کے نام سے سجایا گیا، دوسرے ایڈیشن کا نام علامہ اقبال سے منسوب ہے۔ تمام اداروں کو چاہیے کہ تاجروں کے ساتھ تعاون کریں۔ دنیا بھر کے مقابلے میں ہمارے ملک میں فرنیچر کی قیمتیں کم ہے۔ ہمارا بنایا ہوا فرنیچر پوری دنیا میں جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال یہاں 150 سٹال لگائے گئے تھے، اس سال ایکسپو میں 200 کے قریب اسٹال لگائے گئے ہیں۔ خوشی کی بات یہ ہے مقامی فرنیچر کے اسٹال زیادہ ہیں۔ لوگوں سے گزارش ہے کہ آئیں اور اس ایکسپو سے فائدہ اٹھائیں۔ سعید غنی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی جیسا بڑا شہر پورے ملک کو سنبھالتا ہے۔ کراچی ہمیشہ سے پورے ملک سے آئے لوگوں کو روزگار دیتا ہے۔ جب کسی شہر کی اتنی اہمیت ہو تو وفاقی حکومت کی بھی کچھ ذمے داری بنتی ہے۔ افسوس کے ساتھ کراچی کے ساتھ وہ تعاون نہیں کیا جاتا۔ یہ بحث برسوں سے چلتی آرہی ہے، کراچی کے ساتھ ناانصافی ہوتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

رائج نظام عوام کی زندگیوں میں خاطر خواہ بہتری لانے میں کامیاب نہیں ہوسکا، جس کے باعث انتظامی ڈھانچے پر نظرثانی اور نئے نظام کی تشکیل ضروری ہوگئی ہے۔ ان کے مطابق نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے حکومتی امور چلانے میں آسانی پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ عوام کو بنیادی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ شہریوں نے خصوصاً کراچی کے موجودہ انتظامی ڈھانچے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے بڑھتے ہوئے مسائل اور بنیادی ضروریات کو مؤثر انداز میں پورا کرنے کے لیے انتظامی نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے شہری مسائل کے حل، سرکاری خدمات کی فراہمی اور انتظامی نگرانی کو بہتر بنانے کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق موجودہ نظام سے مایوسی کے باعث شہری نئی قیادت اور انتظامی تبدیلی کو بہتری کی امید کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز پر سنجیدہ غور کیا جائے اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل نظام تشکیل دیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

شدید زخمی ہیں۔ مسٹر چٹلو کی شادی کی تقریبات گزشتہ چند روز سے جاری تھیں اور وہ اپنی شادی کی تقریبات کی تصاویر اور ویڈیوز اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی شیئر کر رہے تھے۔ گزشتہ روز معروف ٹک ٹاکر مسٹر چٹلو کی مہندی کی تقریب مقامی اسٹیڈیم میں رکھی گئی جہاں دعوت عام کے باعث عوام کی ایک بڑی تعداد آگئی اور بھگڈر مچنے سے 19 افراد زخمی ہوگئے جن میں سے عقیل نامی شخص جاں بحق ہوگیا جبکہ ایک زخمی ریحان کو لاہور ریفر کیا گیا جہاں وہ آج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او تھانہ موترہ مبین احمد کے مطابق تشویشناک حالت کے باعث لاہور ریفر کیا جانے والا ریحان نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا ہے، جس کے بعد واقعے میں جاں بحق افراد کی مجموعی تعداد 2 ہوگئی ہے۔ اس سے قبل عقیل نامی شخص بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو چکا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مسٹر چٹلو کی مہندی کی تقریب کے موقع پر کار اور موٹر سائیکلوں کی قرعہ اندازی کا اعلان کیا گیا تھا، جسے جیتنے کے لیے ہزاروں افراد کا بے قابو ہجوم تقریب میں امڈ آیا۔ واقعے کے بعد پولیس نے مسٹر چٹلو سمیت 40 سے زائد نامزد اور نامعلوم افراد کے خلاف تھانہ موترہ میں مقدمہ درج کر کے 6 افراد کو گرفتار کرلیا ہے، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

سندھ کی وحدت مقدس ہے اور اس کی تقسیم کے معاملے پر کسی قسم کی سودے بازی یا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اس وقت سنگین مسائل اور مشکلات سے دوچار ہے، لیکن حکومت مہنگائی اور دیگر بحرانوں پر قابو پانے کے بجائے عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔ لاڑکانہ بار ایسوسی ایشن کے دورے کے موقع پر وکلا برادری سے اظہار یکجہتی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عامر نواز وڑائچ نے کہا کہ گھریلو استعمال کی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاجی ریلی نکال کر حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ گیس سرکاری مقررہ نرخوں پر فروخت کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ان میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو، تاہم حکومت تاحال قیمتیں واپس لینے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کررہی ہیں، جس کے باعث عام شہری شدید معاشی مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں، لیکن حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس نہیں۔ مہنگائی نے پہلے ہی لوگوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے اور ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی مشکلات مزید بڑھادی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی فتح نے پوری قوم کے چہروں پر خوشی بکھیر دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم نے اپنی صلاحیتوں، بہترین کھیل اور شاندار کارکردگی کی بدولت فتح اپنے نام کی، جو پوری قوم کے لیے باعث مسرت اور فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم نے پوری سیریز کے دوران محنت، لگن، عزم اور بہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ کیا۔ پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں اور بھرپور جذبے سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ سینئر وزیر نے کہا کہ سہ ملکی سیریز میں قومی ٹیم کی کامیابی کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کی مشترکہ محنت اور اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ یہ کامیابی پوری قوم کے لیے خوشی اور فخر کا لمحہ ہے۔ شرجیل انعام میمن نے امید ظاہر کی کہ قومی کرکٹ ٹیم آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور لگن کے ساتھ کھیلتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرتی رہے گی۔ انہوں نے قومی ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

کیا گیا ہے، جس کے تحت کراچی پولیس کے 831 سے زائد پولیس افسران و جوان سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ پولیوٹیوں کی سیکیورٹی کو فول پروف بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں حساس علاقوں میں اضافی نفری کی تعیناتی، اسنیپ چیکنگ، موبائل اور موٹر سائیکل پیٹرولنگ کو بڑھایا گیا ہے، جبکہ داخلی و خارجی راستوں پر کڑی نگرانی کے ساتھ ساتھ خفیہ نگرانی کے انتظامات بھی کیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ کراچی پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں مددگار 15 یا قریبی پولیس اسٹیشن کو فوری طور پر آگاہ کریں۔ کراچی پولیس اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کے لیے کوشاں ہے اور شہریوں کے تعاون سے شہر کو محفوظ بنانے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

مخالف بیانیے پر جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا ریاست کے خلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ایک انٹرویو میں جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریاست مخالف بیانیے پر ان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک دوسرے کے خلاف سیاسی بیانات کا سلسلہ چلتا رہتا ہے، مگر مولانا ریاست کے خلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟ گورنر کے پی نے کہا کہ مولانا دوسروں کو انصاف اور برابری کا درس دیتے ہیں لیکن جب خوشاب اور کراچی میں ڈی سی تعینات ہوئے تو اس وقت انصاف کہاں تھا، ان کے بھائی پی ٹی سی ایل، افغان ریفیوجی کمشنر بنے اور دوسروں کے حق پر ڈاکا ڈالا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اگر مولانا خود زمینوں پر قبضہ اور قبضہ مافیا بنیں گے تو لوگوں کو کیا درس دیں گے؟ کیا وہ لوگوں کو یہ درس دیں گے کہ وہ بھی دوسروں کی زمینوں پر قبضہ کریں؟ شہدا سے متعلق بات کرتے ہیں تو ان کے نام پر آپ لوگوں نے بھی زمینیں حاصل کیں، آپ لوگوں کا کیا حق بنتا ہے کہ شہدا کے نام پر زمینیں حاصل کریں؟ مولانا کو چاہیے پہلے خود کو صاف شفاف کریں اور پھر دوسروں کے بارے میں بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کی کرپشن کے معاملے کو متعلقہ محکمہ دیکھ رہا ہے، جب تک بڑے مگرمچھوں کو سزا نہیں ہوگی تب تک کوئی آپ پر اعتماد نہیں کرے گا۔ گورنر کے پی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عدل وانصاف پر غلطی کی کوئی گنجائش نہیں۔ گزشتہ 13 سال کے دوران صوبے میں بہت کچھ ہوا جس پر آہستہ آہستہ قابو پا رہے ہیں، امن کی جانب سفر شروع کر رہے ہیں، انشا اللہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کریں گے۔ فیصل کریم نے کہا کہ وفاق اور صوبہ ایک پیج پر ہیں اور ہمارے درمیان کوئی اختلاف نہیں، ہم دیگر صوبوں کیساتھ بھی اچھے تعلقات چاہتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ آٹا 180 روپے فی کلو، ایل پی جی 600 روپے اور پیٹرول 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنے کے باعث عام شہریوں کے لیے گھر کا چولہا جلانا اور روزمرہ اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے، جبکہ دوسری جانب سوئی گیس اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف اشیائے خورونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں تو دوسری جانب بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں، جس کے باعث عوام دوہری اذیت کا شکار ہیں۔ شہریوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے مسائل اور پریشانیوں کا اظہار کیا اور متعلقہ انتظامیہ کی مبینہ خاموشی پر شدید افسوس کا اظہار کیا، اور کہا کہ آخر غریب عوام کب تک مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کا بوجھ برداشت کرتے رہیں گے۔ شہریوں نے کمشنر میرپورخاص، ڈپٹی کمشنر اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر فوری کنٹرول کیا جائے، گراں فروشی کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے اور بجلی وگیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ سوال یہ ہے کہ عوام کو مہنگائی کے اس طوفان سے ریلیف کون دے گا، اور کیا متعلقہ انتظامیہ عوامی مسائل کا نوٹس لے گی یا شہری اسی طرح مہنگائی اور بنیادی سہولیات کی محرومی کے ہاتھوں پریشان ہوتے رہیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

خاندانوں نے دہشت گردی میں ملوث اپنے بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے فتنۃ الہندوستان سے شدید نفرت کا اظہار کیا ہے۔ کوئٹہ میں جہانزیب، نور زیب، انور، مجیب، قاسم اور عبداللہ کے اہلخانہ نے ان سے تعلق ختم کرنے کا اعلان کیا۔ اسی طرح مستونگ سے تعلق رکھنے والے یونس شاہوانی کے خاندان نے بھی اس کے کسی عمل سے خود کو الگ کرلیا ہے۔ پنجگور میں عنایت اللہ، عبدالنافع، طائب اور یاسر کے اہلخانہ نے بھی ان سے لاتعلقی اختیار کرلی۔ خاندانوں کا کہنا تھا کہ ان کا پتا ہونے کے بعد دہشت گرد تنظیموں میں شامل ہونے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ اہلخانہ نے واضح کیا کہ اگر ان کے بیٹے دہشت گردوں کے ایجنڈے پر کام کرتے ہوئے پائے گئے تو بھی ان سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔ اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے اکتوبر 2026 کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان اپنے دہشت گرد بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرچکے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

کے دوران 10 ملزمان کو گرفتار کیا اور مجموعی طور پر 33.86 کلوگرام منشیات برآمد کی۔ کارروائیوں کے مطابق باچا خان ایئرپورٹ پشاور پر دبئی جانے والے مسافر کے بیگ سے 2 کلوگرام چرس برآمد ہوئی اور ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان پر مسافر بس میں سوار 2 ملزمان سے 12 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ کرنل شیر خان انٹرچینج صوابی کے قریب گاڑی سے 2 ملزمان 8.10 کلوگرام افیون کے ساتھ گرفتار کیے گئے۔ پشاور میں گل بہار فلائی اوور جی ٹی روڈ کے قریب موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 6 کلوگرام چرس برآمد ہوئی اور ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ سیکٹر ڈی 2/17 اسلام آباد سے 2 ملزمان کے قبضے سے 2.4 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، جبکہ جی ٹی روڈ جہلم پر موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان سے 260 گرام چرس برآمد ہوئی۔ سیکٹر آئی 9 اسلام آباد میں نجی کوریئر کمپنی سے ایک پارسل میں موجود جوسر مشین میں چھپایا گیا 400 گرام ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

میں ڈال کر دوسروں کی زندگیاں بچانے کی کوشش میں شہید ہونے والے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کے فائر فائٹر فرقان علی کو ان کی بہادری اور فرض شناسی کے اعتراف میں تمغہ شجاعت سے نوازا جائے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید فائر فائٹر کے لیے قومی اعزاز کی منظوری دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے شہید فرقان علی کی خدمات کے اعتراف میں قومی اعزاز دلانے کے لیے کی جانے والی کوششیں کامیاب ہوئی ہیں۔ یہ اعزاز گل پلازہ میں لگنے والی ہولناک آگ کے دوران امدادی کارروائیوں میں غیر معمولی جرأت اور فرض سے وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جان قربان کرنے پر دیا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ گل پلازہ میں 17 جنوری 2026ء کی رات تقریباً سوا 10 بجے اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی تھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے عمارت کے دیگر حصوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ پلازہ میں کپڑوں، کاسمیٹکس، پلاسٹک اور دیگر آتش گیر اشیا کی دکانیں موجود ہونے کے باعث آگ نے شدت اختیار کرلی تھی۔ آگ بجھانے اور عمارت میں پھنسے افراد کو بچانے کے لیے جاری امدادی آپریشن میں فائر فائٹر فرقان علی بھی حصہ لے رہے تھے۔ وہ گل پلازہ کی عقبی دکانوں میں آگ بجھانے اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف تھے کہ 18 جنوری کی صبح تقریباً پانچ بجے عمارت کا ملبہ ان پر آ گرا۔ اس حادثے میں فرقان علی جانبر نہ ہوسکے اور دوسروں کی جانیں بچانے کی کوشش میں فرض کی ادائیگی کے دوران شہادت کے رتبے پر فائز ہوگئے۔ ان کی قربانی کے اعتراف میں تمغہ شجاعت کی منظوری کو فائر فائٹرز کی خدمات اور جرأت کے قومی سطح پر اعتراف کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

نیوی کے تحت اختتامی تقریب کا انعقاد آئیر لینڈ منوڑہ بیچ کراچی پر ہوا۔ ایونٹ پاکستان نیوی اور پاکستان والی فیڈریشن کے اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ مینز کیٹیگری میں پاکستان نیوی وائٹ نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ مینز کیٹیگری میں تیسری پوزیشن پاکستان واپڈا نے حاصل کی۔ ویمنز کیٹیگری میں دوسری پوزیشن پی او ایف نے جیتی جبکہ ویمنز کیٹیگری میں تیسری پوزیشن پاکستان نیوی بلیو نے حاصل کی۔ پاک آرمی کی فرالعین ظفر کو بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ ملا۔ پاکستان نیوی بلیو کے مبشر رضا بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ اس موقع پر کمانڈر پاکستان نیوی اکیڈمی ریئر ایڈمرل محمد عمیر نے کہا کہ کھیل محض ایک مقابلہ نہیں بلکہ یہ نوجوانوں میں ڈسپلن اور ٹیم ورک کا جذبہ پیدا کرتے ہیں، صلاحیتوں کو مستقل کامیابی میں بدلنے کیلئے سہولیات اور پروفیشنل کوچنگ ناگزیر ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

عالمی نظام کے اخلاقی دعووں کا امتحان ہے۔ ترکیہ کے پارلیمنٹیرینز کی جانب سے اپنے اعزاز میں استقبالیے سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ دنیا میں طاقت اور وسائل کی نہیں بلکہ اصولی اور دیانت دار قیادت کی کمی ہے، دنیا کو معاشی ناہمواری، جنگوں اور عالمی قانون کے امتیازی اطلاق جیسے بڑے بحرانوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا مستقبل مایوسی و تقسیم کے بجائے علم اور عمل کا راستہ اختیار کرنے والوں سے وابستہ ہے، غزہ کی تباہی، بھوک اور جبری بے دخلی عالمی نظام کے اخلاقی دعووں کا امتحان ہے، اتحاد کا مطلب یکسانیت نہیں بلکہ بنیادی اصولوں پر ایک ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسی دنیا چاہتے ہیں جہاں فلسطین آزاد ہو اور کشمیریوں کو انصاف حاصل ہو، شدید مصائب کے باوجود اہل غزہ کی ثابت قدمی انسانی وقار اور امید کی غیر معمولی مثال ہے، قانونی بائیکاٹ، انسانی امداد اور سفارتی حمایت کے ذریعے فلسطینیوں کا مستقل ساتھ دیا جائے، فلسطینی تعلیمی، طبی اور امدادی اداروں کی مدد بلا تعطل جاری رکھی جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، سائبر سیکیورٹی، ڈیجیٹل میڈیا اور قابل تجدید توانائی میں مہارت حاصل کی جائے، پاکستان اور ترکیہ کے نوجوان تعلیم، تجارت، ٹیکنالوجی اور امدادی سرگرمیوں میں عملی تعاون بڑھائیں۔ استقبالیہ سے ترک پارلیمنٹیرینز، حکمران اک پارٹی کے رہنماؤں اور انسان وقف کے سربراہ نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

کہ گلگت بلتستان کے عوام کی قربانیاں اور پاکستان سے الحاق کا تاریخی فیصلہ ہماری مشترکہ قومی تاریخ کا اہم باب ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں ناصر حسین شاہ نے کہا کہ 79 سال قبل گلگت بلتستان کے عوام نے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کر کے تاریخ رقم کی۔ اس خطے کے عوام نے پاکستان کے دفاع، سلامتی اور ترقی میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، جنہیں قومی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے گلگت بلتستان میں تاریخی اصلاحات متعارف کرائیں، جن سے علاقے کی ترقی اور عوامی حقوق کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے کی تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات کی اہمیت برقرار رہے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

جس کے باعث ٹینکر سڑک پر الٹ گیا۔ حادثے میں ٹینکر کا ڈرائیور معمولی زخمی ہوگیا، جبکہ ٹینکر سے بڑی مقدار میں پانی بہنے کے باعث سڑک پر پانی جمع ہوگیا۔ حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے، جس میں واٹر ٹینکر کو ایک گلی سے نکل کر مرکزی شاہراہ کی جانب آتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ٹینکر کا اگلا پہیہ سیوریج لائن کے ہول پر پڑتا ہے، جس کے باعث اس پر رکھا بھاری ڈھکن اپنی جگہ سے ہل جاتا ہے۔ بعد ازاں جیسے ہی ٹینکر کا پچھلا پہیہ سیوریج لائن کے ہول پر پہنچا تو ڈھکن اپنی جگہ برقرار نہ رہ سکا اور بھاری بھرکم واٹر ٹینکر توازن کھو کر سڑک پر الٹ گیا۔ حادثے کے نتیجے میں ٹینکر میں موجود پانی سڑک پر پھیل گیا، جس سے وہاں تالاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی، جبکہ ڈرائیور کو معمولی چوٹیں آئیں۔ واقعے کی سامنے آنے والی فوٹیج نے شہر میں سیوریج لائنوں کے ڈھکنوں اور شہری انفراسٹرکچر کی مضبوطی و دیکھ بھال کے حوالے سے سوالات اٹھا دیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

فرد ملک کے سب سے زیادہ آمدنی رکھنے والے 10 فیصد طبقے میں شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اگر کسی شخص کی ماہانہ آمدنی ایک لاکھ 21 ہزار روپے ہے تو وہ آمدنی کے لحاظ سے ملک کے امیر ترین 10 فیصد افراد میں شمار ہوتا ہے، جبکہ باقی 90 فیصد آبادی کی ماہانہ آمدنی اس حد سے کم ہے۔ اسی طرح ماہانہ ایک لاکھ 89 ہزار روپے کمانے والا فرد ملک کے زیادہ آمدنی رکھنے والے 5 فیصد طبقے میں شامل ہوتا ہے، جس کی آمدنی اس رقم کے برابر یا اس سے زیادہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے 5 کروڑ 76 لاکھ سے زائد افراد، جو مجموعی آبادی کا تقریباً 23 فیصد بنتے ہیں، روزانہ 3 ڈالر یعنی تقریباً 831 روپے سے کم آمدنی رکھتے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق 12 کروڑ سے زائد پاکستانی، جو ملک کی آبادی کا 47.9 فیصد ہیں، روزانہ 4.20 ڈالر یعنی تقریباً 1176 روپے سے کم کماتے ہیں۔ اسی طرح 21 کروڑ 88 لاکھ افراد کی یومیہ آمدنی 8.30 ڈالر یعنی تقریباً 2300 روپے سے بھی کم بتائی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

سوسائٹی میں بریانی اینڈ پکوان سینٹر پر فائرنگ اور دھمکی آمیز پرچی پھینک کر بھتہ طلب کرنے کا مقدمہ مالک کی مدعیت میں ٹیپو سلطان تھانے میں درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمے میں لیاری گینگ وار کے مبینہ بھتہ خور گروہ کے سرغنہ وصی لاکھو اور اس کے نامعلوم ساتھیوں کو نامزد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہفتے کی شب نامعلوم مسلح ملزمان نے کراچی ایڈمن ہاؤسنگ سوسائٹی میں واقع بریانی اینڈ پکوان سینٹر پر فائرنگ کی اور موقع پر دھمکی آمیز پرچی پھینک کر بھتے کا مطالبہ کیا۔ مقدمے میں بھتہ طلب کرنے، خوف وہراس پھیلانے اور نقصان پہنچانے سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں۔ مقدمے کے متن کے مطابق ملزمان نے بریانی اینڈ پکوان سینٹر کے دفتر اور پہلی منزل پر قائم فیملی ہال کی دیواروں پر فائرنگ کی، جس سے سینٹر کے شیشے ٹوٹ گئے، تاہم واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ملزمان جائے وقوعہ پر تین فائر شدہ خول چھوڑ کر فرار ہوگئے، جنہیں پولیس نے تحویل میں لے لیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی جانب سے پھینکی گئی پرچی میں لیاری گینگ وار کے وصی لاکھو کا نام درج تھا۔ پرچی میں رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی اور رابطہ نہ کرنے کی صورت میں دستی بم حملے کی دھمکی دی گئی تھی۔ واقعے کے وقت سینٹر کے ملازمین کام میں مصروف تھے۔ ملازم نعیم نے فائرنگ کے فوراً بعد فون کے ذریعے مالک کو اطلاع دی۔ ریسٹورنٹ کے مالک نے سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی پولیس کے حوالے کردی ہے۔ فوٹیج میں فائرنگ کے واقعے سے تقریباً پانچ منٹ قبل ایک مشتبہ موٹر سائیکل سوار کو علاقے کی ریکی کرتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش اور واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

دوران کراچی بندرگاہ کے مختلف حصوں میں انجام دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ کی ہفتہ وار بحری صفائی مہم کے تحت ایسٹ وارف، ویسٹ وارف، آئل پیئرز اور بوٹ بیسن جیٹی کے علاقوں میں صفائی کی کارروائیاں کی گئیں۔ اس مقصد کے لیے 51 مرتبہ منظم انداز میں کشتیاں تعینات کی گئیں، جبکہ مجموعی طور پر 163 اہلکاروں نے صفائی آپریشن میں حصہ لیا۔ کے پی ٹی کے مطابق سمندر سے جمع کیے گئے تمام 39 ہزار 330 کلوگرام کچرے کو مناسب طریقے سے تلف کرنے کے لیے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے مقررہ گاربیج ٹرانسفر اسٹیشن منتقل کردیا گیا، تاکہ سمندری آلودگی کے خاتمے کے ساتھ کچرے کو محفوظ انداز میں ٹھکانے لگانے کا عمل بھی یقینی بنایا جاسکے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے مسلسل جاری ان صفائی مہمات کا مقصد بحری آلودگی کی روک تھام، آبی حیات کے قدرتی مساکن کا تحفظ اور سمندری ماحول کو صاف ستھرا رکھنا ہے۔ کے پی ٹی کے ان اقدامات سے نہ صرف کراچی بندرگاہ کے ماحول کو محفوظ بنانے میں مدد مل رہی ہے بلکہ ماحولیاتی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور پاکستان میں پائیدار بحری مستقبل کے فروغ کے لیے ادارہ جاتی کوششوں کی اہمیت بھی اجاگر ہوتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

گیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کی صبح زمان ٹاؤن تھانے کی حدود میں کورنگی کوسٹ گارڈ چورنگی کے قریب ایک گھر میں مبینہ گیس لیکج کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گھر میں موجود ایک شخص جھلس کر زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ایدھی ایمبولینس کے ذریعے زخمی کو سول برنس وارڈ منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت 42 سالہ منظور ولد خان محمد کے نام سے ہوئی۔ پولیس کے مطابق واقعے کی وجوہات جاننے اور مزید معلومات اکٹھی کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے اب تک نوشہروں سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص، عمرکوٹ، مٹھی، اسلام کوٹ، دادو، نواب شاہ اور نوشہرو فیروز کے ماسٹر پلانز کے نوٹیفکیشن جاری کر دیے ہیں، جبکہ کراچی اور حیدرآباد کے ماسٹر پلانز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ کراچی کے ماسٹر پلان کے لیے بین الاقوامی کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئی ہیں، اور وزیراعلیٰ سندھ نے تسلیم کیا کہ شہر کے موجودہ شہری منظرنامے کے پیش نظر یہ خاصا مشکل کام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نئے شہر کے لیے ابتدا سے ماسٹر پلان تیار کرنا نسبتاً آسان ہے، تاہم کراچی کی موجودہ صورتحال کو درست کرنا کنسلٹنٹس اور شہری منصوبہ سازوں کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے، اور انہیں شہر کی حالت بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی رکاوٹوں، پانی کی کمی اور نکاسی آب کے ناکافی نظام جیسے مسائل سے بھی نمٹنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے منصوبے کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے تجاویز بھی دیں۔ کراچی سے اپنی ذاتی وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے شہر کو تیزی سے پھلتا پھولتا دیکھا ہے، اور حکومت شہریوں، منصوبہ سازوں، بلڈرز، یوٹیلٹی کمپنیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے تعاون کے بغیر شہری چیلنجز حل نہیں کر سکتی۔ انہوں نے سکھر کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ مسلسل سرمایہ کاری سے شہری بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جاسکتا ہے، اور گزشتہ سات سے آٹھ سالوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے شہر کی سڑکوں اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر کیا گیا۔ یوٹیلٹی کمپنیوں کی جانب سے تاخیر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے یاد دلایا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو ایکسپریس وے کی تعمیر کے دوران بجلی کے شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو نظرانداز کیا گیا، اور لائنوں کی شفٹنگ کی ادائیگی کے باوجود تاخیر ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یوٹیلٹی کمپنیاں اور واٹر اینڈ سیوریج بورڈ بھی تقریباً ڈھائی کروڑ آبادی والے شہر میں منتقلی کے لیے کافی وقت لیتے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کا بھی حوالہ دیا، جس کے تحت کراچی کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ایک جدید، سمارٹ شہر میں تبدیل کرنا ہے، جس کا مقصد میٹروپولیس کو معاشی طور پر مضبوط اور کاروبار وسیاحت کے لیے مزید پرکشش بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری ترقی کا حتمی مقصد شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بہتر بنانا ہے، اور حکومت صوبے بھر میں سڑکوں، ہائی ویز، پلوں، پبلک ٹرانسپورٹ، پارکس، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، پانی کی فراہمی اور نکاسی آب سے متعلق منصوبے نافذ کر رہی ہے۔ اس موقع پر وزیر بلدیات، ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ سید ناصر شاہ نے بھی نکاسی آب کے نظام، اسپتالوں اور تعلیمی بنیادی ڈھانچے، صنعتی ترقی، کھیلوں کی سہولیات، مارکیٹ کی بحالی، تجارتی مراکز کی تعمیر اور پانی وصفائی جیسے بڑے منصوبوں میں بہتری کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ بلدیات کو شہری منصوبہ بندی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے اور اس نے شہری منصوبہ بندی، ترقیاتی کنٹرول اور پائیدار شہری ترقی کی نگرانی کے لیے سندھ ماسٹر پلاننگ اتھارٹی قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہدف ایسے شہروں کی تعمیر ہے جہاں تمام شہریوں کو ترقی، بہتر خدمات، تحفظ اور پائیدار مستقبل کے برابر مواقع میسر ہوں، اور سندھ ماسٹر پلاننگ اتھارٹی، این ای ڈی یونیورسٹی اور یو این ہیبیٹیٹ کے درمیان تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ سندھ کے شہروں کو رہنے کے قابل، لچکدار اور معاشی طور پر پیداواری بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

اعظم نیتن یاہو سے گفتگو کی۔ امریکی اخبار کے مطابق امریکا ایران پر بمباری دوبارہ شروع کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی اخبار کا کہنا تھا کہ فوجی کارروائی امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد شروع ہوسکتی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی ایک یا دو مزید جوہری تنصیبات پر کارروائی باقی ہے، ضرورت پڑی تو ان تنصیبات پر 10 منٹ میں کارروائی کی جاسکتی ہے۔ فلوریڈا میں اپنی رہائش گاہ پر ہیلووین پارٹی میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران معاہدہ کرتا ہے اور پھر پیچھے ہٹ جاتا ہے، دیکھتے ہیں کہ کیا وہ کوئی معاہدہ کرتے ہیں یا نہیں، ہمیں کوئی جلدی نہیں ہے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہم نے ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام، پیداواری صلاحیتوں اور جوہری پروگرام کو تباہ کردیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

سندھ جاوید عالم اوڈھو نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ایس ایس پی جیکب آباد سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ آئی جی سندھ نے واقعے میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایات جاری کی ہیں، اور کہا کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنایا جائے اور فائرنگ میں ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی اضافی نفری تعینات کی جائے اور سیکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنائے جائیں، جبکہ زخمی شخص کو فوری اور بہترین طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ آئی جی سندھ نے یہ بھی ہدایت کی کہ واقعے کے محرکات کا تعین کرکے ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔